# از دفتر مہتمم جنگلات پونچھ ڈویژن راولاکوٹ

## ٹینڈر نوٹس جھولہ جات موضع چھوٹا گلہ نزد بنجوسہ جھیل

ڈویژن ہذا کو موضع چھوٹا گلہ نزد بنجوسہ جھیل جھولہ جات کیلئے ٹھیکیداران سے AJK PPRA RULES کی شق نمبر 21 اور 36(a) Single Stage One Envelope Procedure کے تحت محکمانہ تصریحات وشرائط کے مطابق AJK PPRA RULES کی شق نمبر 22 کے تحت بتاریخ 28/03/2024 بروز جمعرات بوقت 12 بجے دن دفتر مہتمم جنگلات پونچھ فاریسٹ ڈویژن راولاکوٹ سپلائی بازار /نزد آفیسر کالونی مہر بند لفافہ ٹینڈرز/Bids مطلوب ہیں جو اسی روز آمدہ ٹینڈر دہندگان یا ان کے مجاز نمائندگان کے روبرو بوقت 1:00 بجے دن کھلے جائے گے۔ AJK PPRA RULES کی شق نمبر 23(5) کے تحت ٹینڈر فارم دفتری اوقات کار کے دوران دفتر مہتمم جنگلات پونچھ فاریسٹ ڈویژن راولاکوٹ سے بتاریخ 21/03/2024 تا 27/03/2024 بالعوض پرینٹنگ چارجز مبلغ -/1000 روپے فی فارم (نا قابل واپسی) حاصل کیے جاسکتے ہیں اشتہار ہذا میں AJK PPRA RULES کی شق نمبر 13 کے تحت ٹینڈر اشتہار کی تاریخ اشاعت سے پندرہ ایام بطور Bid Response Time کی گنجائش رکھی گئی ہے۔

**<u>شرائط/ قوائد وضوابط حسب ذیل ہیں۔</u>**

1) AJK PPRA RULES کی شق نمبر 25 کے تحت ٹینڈرز کے ہمراہ ٹھیکہ کی کل مالیت کا چار فیصد بشکل کال ڈیپازٹ (قابل واپسی) کسی بھی شیڈول بنک سے بنام زیر دستخطی جمع کروانا لازمی ہوگی کامیاب ٹینڈر دہندہ کی کال ڈیپازٹ زیر دستخطی کے پاس محفوظ رہے گی۔

2) مجاز اتھارٹی کو یہ اختیار حاصل ہے کہ کوئی بھی ٹینڈر مطابق PPRA رولز شق نمبر 33 کے تحت منظور یا مسترد کر سکتی ہے۔

3) کامیاب ٹھیکیدار ٹھیکہ کی مالیت کا 9 فیصد بطور سروس چارجز نا قابل واپسی الگ سے ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

4) یہ ٹینڈر عرصہ 01 سال (یکم اپریل 2024 تا 31 مارچ 2025) تک کیلئے موثر ہوگا۔

5) سرکاری ریٹ/ ریزرو ریٹ سے کم ریٹ ڈالنے والے ٹھیکیدار کا ٹینڈر قابل قبول نہ ہوگا اور نہ ہی شمار کیا جائے گا۔

6) کامیاب ٹھیکیدار پر جملہ رائج الوقت گورنمنٹ ٹیکسز لاگو ہوں گے۔

7) کامیاب ٹینڈر دہندہ کو کل مالیت ٹھیکہ کی رقم سہ ماہی بنیادوں پر ادا کرنی ہوگی جس کی پہلی قسط ایڈوانس وصول کی جائے گی۔

8) ٹینڈر میں حصہ لینے والے جملہ ٹھیکیداران اس امر کے لئے کہ وہ کسی جگہ سے بلیک لسٹ نہ ہیں بیان حلفی جمع کروانے کے پابند ہونگے۔

9) جھولہ جات کی تنصیب کیلئے فی الوقت 15 مرلے جگہ مختص کی جاتی ہے۔ فی مرلے کا سرکاری ریٹ/ ریزرو ریٹ رقمی -/40000 روپے سالانہ مقرر کیا جاتا ہے جس ٹھیکیدار کا ریٹ دیگر ٹھکیداران سے زیادہ ہوگا جھولے کا ٹھیکہ اس کو الاٹ کر دیا جائے گا اور حاصل شدہ رقم گورنمنٹ اکونٹ 101 میں جمع کروائی جائے گی جو قابل واپسی نہ ہوگی۔ ہر جھولے کیلئے علیحدہ ٹینڈر دینا ہوگا۔ مختص کردہ رقبہ میں کمی بیشی ہوسکتی ہے۔ جو کہ منظور شدہ انراخ پر ہوگی۔

10) مطلوبہ معیار برقرار نہ رکھنے کی صورت میں تحت ضابطہ کارروائی کرتے ہوئے کال ڈیپازٹ بحق سرکار ضبط کی جاسکتی ہے اور بلیک لسٹ قرار دیے جانے کی کارروائی بھی ہوسکتی ہے۔ نیز سامان جھولا جات ضبط کیا جاسکتا ہے۔

11) کسی قسم کے حادثہ کی صورت میں تمام تر ذمہ داری ٹھیکیدار پر عائد ہوگی اور حکومت آزاد کشمیر/ محکمہ جنگلات راولاکوٹ حادثہ کی صورت میں قطعاً کسی قسم کے نقصان یا معاوضہ کی ادائیگی کا ذمہ دار نہ ہوگا۔ کامیاب ٹھیکیدار اس بات کا پابند ہوگا کہ وہ تیکنیکی طور پر صحیح حالت/ اچھی کوالٹی والے جھولے نصب کرے اور حفاظتی نقطہ نظر سے ٹھیکیدار ہر سوار کیلئے سیٹ بیلٹ وحفاظتی کٹ مہیا کرنے کا پابند ہوگا۔

12) ٹھیکیدار مقررہ شرح سے زائد کرایہ وصول نہیں کرے گا اگر ایسا ثابت ہوگیا تو اس کا ٹھیکہ منسوخ کر دیا جائے گا۔ ٹھیکیدار ہر جھولے کیلئے علیحدہ علیحدہ کرایہ منظور کروانے کا پابند ہوگا۔

13) ٹھیکیدار جملہ عملہ بابت جھولہ جات کی فہرست دفتر ہذا میں جمع کروائے گا اور محکمہ کے اجازت کے بغیر کسی فرد/ افراد کو کام پر نہیں رکھے گا اور نہ ہی کسی کے ساتھ پارٹنر شپ کرنے کا مجاز ہوگا۔ نیز جملہ غیر ریاستی عملہ کی Verification پولیس سے کروانے کا پابند ہوگا۔

14) ٹھیکیدار اس بات کا پابند ہوگا کہ وہ معاہدہ نامہ کی معیاد پوری ہونے پر بلا تاخیر سائیٹ خالی کر کے جھولے بند کر دے۔

15) ٹھیکیدار جھولے کے آس پاس کی صفائی کا اہتمام کرے گا اور اگر ایسا نہیں کرے گا تو جرمانہ، صفائی کے معقول نوٹس کے بعد اس کے رسک اینڈ کاسٹ پر صفائی کا کام کروایا جائے گا اور ٹھیکہ بھی منسوخ کیا جاسکتا ہے ٹھیکیدار اس مقصد کیلئے ڈسٹ بن وغیرہ لگانے کا پابند ہوگا۔

16) ٹھیکیدار کی طرف سے سرکاری املاک کو کسی قسم کا نقصان پہنچایا گیا یا کوئی غیر قانونی عمل کیا گیا تو اس کے خلاف تحت ضابطہ کارروائی کی جائے گی اور ٹھیکہ منسوخ کرتے ہوئے جملہ سامان سہولیات ضبط کیا جائے گا۔

17) ٹھیکیدار جھولوں کا فٹنس سرٹیفکیٹ سہ ماہی وار دفتر ہذا میں جمع کروانے کا پابند ہوگا نیز بوقت ٹھیکہ جھولے کا فٹنس سرٹیفکیٹ کسی مستند ادارے یا انجنیئر سے حاصل کر کے پیش کرنا لازمی ہوگا۔

18) ٹھیکیدار جھولہ جات کے لئے تجربہ کار شخص جو کہ کم از کم جھولے Operate کرنے کے متعلق تجربہ رکھتا ہو کا بندوبست کرے گا جو صبح 9 بجے سے نماز مغرب سے قبل تک سیاحوں کی سہولت کیلئے استعمال میں لائے گا۔ بعد نماز مغرب جھولہ جات چلانے پر پابندی عائد ہوگی۔

19) ٹھیکیدار کسی قسم کی عدالتی کارروائی نہ کرنے کا پابند ہوگا اور کسی نزاع کی صورت میں جناب ناظم جنگلات پونچھ (چیرمین کمیٹی) کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

20) سیاحوں کے ساتھ نامناسب رویہ یا غیر اخلاقی رویہ روا رکھنے کی صورت میں بعد از تحقیقات ٹینڈر منسوخ کیا جا کر کال ڈیپازٹ ودیگر رقم بحق سرکار ضبط کی جائے گی۔

21) ٹھیکیدار/ ٹھیکیداران Bidding Document اور معائدہ نامہ میں مندرج شرائط وضوابط پر عملدرآمد کے پابند ہونگے۔ جبکہ عدم عملدرآمد کی صورت میں مطابق شرائط وضوابط قابل مواخذہ ہونگے۔

المشتہر

**ظاہر اقبال خان**

**مہتمم جنگلات پونچھ ڈویژن راولاکوٹ**